# چیئرمین کی جائزہ رپورٹ2018

الحمداللہ، تھل لمیٹڈ، جس نے تقریباً 50 سال پہلے ایک جوٹ مل کے طور پر کاروباری سفر کا آغاز کیا تھا اب مختلف النوع کاروبار پر مشتمل ادارہ ہے جو تھرمل سسٹمز، الیکٹرک سسٹمز، انجن کے پرزہ جات، پیپر سیک اور لیمینیٹس کے شعبوں میں سرگرم عمل ہے۔

ان گزرتے سالوں کے ساتھ کمپنی نے ذیلی کمپنیاں قائم اور مستحکم بنائیں جنہوں نے کوئلے کی کان کنی، انرجی، رئیل اسٹیٹ اور آٹو پارٹس میں سرمایہ کاری کی۔ اس نے پاکستان کی اقتصادی ترقی میں شراکت کے ضمن میں کام کا سلسلہ جاری رکھا اور ملک کے میکرو اکنامک اغراض ومقاصد اور اہداف کے تحت کام کرتی رہی بالخصوص توانائی کے حصول اور سی پیک کی کامیابی کیلئے مصروفِ عمل رہی۔ کمپنی پاکستان کے پہلے اوپن پٹ کول مائننگ پروجیکٹ بمقام تھر میں مصروفِ عمل رہنے کیلئے سندھ اینگرو کول مائننگ کمپنی (ایس ای سی ایم سی) میں سرمایہ کاری کررہی ہے اور تھر، سندھ میں اپنی ذیلی کمپنی تھل پاور (پرائیوٹ) لمیٹڈ کے ذریعے 330 میگاواٹ کول فائر پاور جنریشن پلانٹ پر کام کررہی ہے۔

30 جون 2018 کو ختم ہونے والے مالیاتی سال کے دوران میکرو اکنامک محاذ پر درپیش چیلنجز کے باوجود منافع حاصل کئے گئے۔ آپ کی کمپنی میٹرو حبیب کیش اینڈ کیری پاکستان (پرائیوٹ) لمیٹڈ میں شیئرز کی ڈائی ویسٹمنٹ کے اکاؤنٹ پر گزشتہ سال کے ایک بار فائدے کے حصول کے سلسلے میں ایڈجسٹمنٹ کے بعد مجموعی منافع جات کے ضمن میں مستقل و پائیدار گروتھ کے حصول میں کامیاب رہی۔

گزشتہ سال کے دوران کمپنی کے انجینئرنگ کے شعبے نے دنیا کے وسیع ترین آٹو پارٹس سپلائرز میں سے ایک ادارے یازاکی کارپوریشن کے ساتھ تیکنیکی اشتراک کے تحت اپنے آٹوموٹیو مائر کاروبار میں مزید توسیع کیلئے ایک نئے پلانٹ کی بنیاد رکھی جبکہ کمپنی کے پیپر سیک بزنس نے کیریئر بیگز مارکیٹ میں اپنی مستحکم موجودگی کو برقرار رکھا۔


ہمارے ملازمین ہماری کامیابی کا دل ہیں۔ کمپنی اپنے ملازمین کیلئے مناسب تربیت فراہم کرنے کے مواقع پیدا کرنے کیلئے موزوں اقدامات بروئے کار لارہی ہے۔ اس کے ساتھ کمپنی نے اپنے مینجمنٹ ٹرینی پروگرام کے ذریعے مستقبل کے مستحکم لیڈرز کیلئے انتخاب کے اعلیٰ ترین معیار کو برقرار رکھا ہے جس کے تحت ملک کے انتہائی معروف اداروں سے ایسے افراد کا چناؤ کیا جاتا ہے جس کی مناسب تربیت کرکے انہیں اپنی مستقبل کی کامیابی کے لئے تیار کیا جاسکے۔ ہمیں یقین ہے کہ اپنے ملازمین میں ہماری اس سرمایہ کاری کے نتیجے میں ہم بھاری منافع منقسمہ ادا کرنے کا سلسلہ برقرار رکھ سکیں گے۔

تھل لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز انتہائی پیشہ ور اور تجربہ کار افراد پر مشتمل ہے۔ وہ مختلف کاروباری امور کی مہارت رکھتے ہیں ان میں ایک انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر بھی شامل ہے جن کا تجربہ 30 سال سے زائد کے عرصہ پر محیط ہے۔ تمام بورڈ ممبران اپنی مخصوص ذمے داریوں سے بخوبی آگاہ ہیں اور انتظامیہ کو حکمت عملی کی ہدایات اور پالیسیز اور معیارات کے مطابق عملدرآمد سے متعلق ضروری رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبران کا کردار اور ان کی کارکردگی وشراکت انتہائی اطمینان بخش ہے اور بورڈ ممبران مطلوبہ حکمت عملی پر عملدرآمد میں کامیاب نظر آتے ہیں۔ آڈٹ اور ہیومن ریسورسز اینڈ ریمونریشن کمیٹیاں بالخصوص اپنی قابل قدر خدمات کے ذریعے قیادت کو مطلوبہ سپورٹ اور رہنمائی فراہم کررہی ہیں۔

سال کے اختتام کے بعد کمپنی کے چیف ایگزیکٹو جناب آصف رضوی ریٹائر ہوگئے اور بورڈ نے ان کی جگہ جناب مظہر والجی کو مقرر کیا ہے۔ کمپنی کی طرف سے میں جناب آصف رضوی کی کئی سالوں کی گرانقدر خدمات کا اعتراف کرتا ہوں۔ آخر میں میں اپنے ملازمین، شیئر ہولڈرز، صارفین، ڈیلرز اور بزنس پارٹنرز کا ان کی مسلسل سرپرستی اور اعتماد پر شکریہ ادا کرتا ہوں۔

میں اپنے تمام اسٹاف ممبرز کا بھی شکرگزار ہوں جنہوں نے کمپنی کی ترقی میں اپنا کردار ادا کیا۔



رفیق ایم حبیب

چیئرمین